# کیا مرغی اور انڈہ کھانا نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم سے ثابت ہے؟

**مجیب:** مولانا عابد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-1976

**تاریخ اجراء:** 13 ربیع الآخر 1446ھ / 17 اکتوبر 2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا کوئی ایسی حدیث پاک ہے کہ جس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مرغی اور انڈہ کھانا ثابت ہو؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

ہمارے آخری نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم سے جو غذائیں کھانا ثابت ہے، اس میں مرغ کا تذکرہ صراحتاً موجود ہے، لیکن انڈہ کھانے سے متعلق کوئی روایت تلاش کے باوجود نظر سے نہیں گزری۔ مگر مرغی کے انڈے کھانا شرعاً جائز و حلال ہے۔

مشکوٰۃ المصابیح میں بحوالہ صحیحین حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں: ”رأيت رسول الله يأكل لحم الدجاج“ یعنی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مرغ کا گوشت کھاتے دیکھا۔ (مشکوۃ المصابیح مع مرقاۃ المفاتیح، جلد 8، صفحہ 40، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں: ”دجاج نَر و مادہ دونوں کو کہتے ہیں، دیک فقط نر مرغ کو۔ یہاں مرقات نے فرمایا کہ فقراء کو مرغیاں پالنا چاہیے اور اغنیاء بکریاں پالیں اور یہاں انہوں نے عجیب عجیب حکایات نقل کیں۔ بہر حال اس حدیث سے دو مسئلہ معلوم ہوئے: ایک یہ کہ مرغ حلال ہے۔ دوسرے یہ کہ مرغ کھانا تقویٰ کے خلاف نہیں، اللہ دے تو اعلیٰ نعمتیں بھی کھاؤ مگر اپنے کو مزیدار غذاؤں کا عادی نہ بناؤ اپنی طبیعت کو ہر طرح کا عادی رکھو۔“ (مراۃ المناجیح، جلد 5، صفحہ 663، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

سیرتِ مصطفیٰ میں ہے: ”آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بکری، دنبہ، بھیڑ، اونٹ، گورخر، خرگوش، مرغ، بٹیر، مچھلی کا گوشت کھایا ہے۔ اسی طرح کھجور اور ستو بھی بکثرت تناول فرماتے تھے۔ تربوز کو کھجور کے ساتھ ملا کر،

کھجور کے ساتھ ککڑی ملا کر، روٹی کے ساتھ کھجور بھی کبھی تناول فرمایا کرتے تھے۔ انگور، انار وغیرہ پھل فروٹ بھی کھایا کرتے تھے۔“(سیرت مصطفی، صفحہ586، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net